یا اَیُّھَا النَّاس از جناب میاں گلزار احمد عزیز۔ ناشر: شاریکس لیبارٹریز لمیٹڈ، صادق آباد ایمپلائیز کالونی، ڈھرکی، ضلع سکھر۔ قیمت: ۵/- روپے

یہ چھوٹی سی کتاب محمد امین باجوہ صاحب کے اہتمام سے صادق آباد کی ہردلعزیز شخصیت ڈاکٹر مسلم شہید کی یاد میں اور ان کی خواہش کی تکمیل کے طور پر شائع کی گئی ہے۔ اس میں حضورؐ کے ۴۰ خطاب جمع ہیں۔ خطبات مختلف مواقع سے متعلق ہیں اور آنحضورؐ کی نہ صرف شخصیت کے مختلف پہلو سامنے لاتے ہیں۔ بلکہ تاریخی مراحل کا اشارہ بھی ان سے ملتا ہے خدا باجوہ صاحب اور مرتب اور ڈاکٹر مسلم شہید کے لیے اس کوشش کو سرمایۂ مغفرت بنائے۔

کیا اسلام مالی معاملات میں مدت کا لحاظ کرتا ہے؟ از سید حامد عبدالرحمٰن الکاف۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، ۱۰-سی/۱۶۳ فیڈرل بی ایریا۔ کراچی۔ پاکستان۔ قیمت: ۲۰/- روپے (خاصی ارزاں)

سید حامد الکاف میرے دیرینہ دوست ہیں اور بہت بیدار دل۔ حال میں جب غیر سُودی نظام کا آغاز کرتے ہوئے کچھ بحثیں مسئلہ سُود کی مختلف اشکال کے متعلق عرب ممالک میں پیدا ہوئیں تو سُود کو نیا پیرایہ دینے والے مفکرین کے خلاف جن لوگوں نے کام کیا ان میں سید حامد الکاف کی کوشش کو بڑا دخل حاصل ہے۔ انہوں نے جدید قسم کے سُودی ہیر پھیر کے طریقوں کو اور نئی مغالطہ انگیزیت کا تجزیہ کر کے بے نقاب کیا ہے۔ یہ کتاب جس کے بعض مقالات پہلے شائع ہو چکے ہیں، پاکستان میں بھی اس کی بہت ضرورت ہے۔ ماڈرن ازم کے طیارے کے لیے یہ ایک اچھا میزائیل ہے۔

اس کی روشنی میں آج کل کے بنکوں کی اسکیموں، سرمایہ طلب کرنے والے مالی اداروں کے نئے نئے کشش دار منصوبوں اور غریبوں کا جی للچانے والی لاٹریوں اور انعاموں اور اقساط پر مروجہ قیمتی اشیاء کے فوری حصول کے اعلانوں کو جانچنے کے لیے یہ کتاب بہت رہنمائی دیگی۔ یہ کتاب انگریزی میں ہے۔